**Series : RKM/1**

**Code No. 5B/1**

**Roll No.** | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- Please check that this question paper contains **7** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **18** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attem pting it.**

# URDU (Course B)

# اُردو (کورس - بی)

*Time allowed : 3 Hours]* *[Maximum marks : 100*

مقرّرہ وقت : 3 گھنٹہ گُل نمبر : 100

## حصّہ - الف

1. درجِ ذیل عبارت کوغور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیۓ گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔ **10**

سرسید کے رفیقوں میں ادبی حیثیت سے خواجہ الطاف حسین حالی سب سے زیادہ ممتاز ہیں۔ ان کی حیثیت ایک نئی راہ نکالنے والے کی ہے۔ شاعری میں انہوں نے بندھے ٹکے موضوعات اور اسالیب بیان کو چھوڑا اور نئی فکر کے ساتھ زمانے کی ضرورتوں اور مغرب کے ترقی یافتہ معیارِ ادب کے مطابق شاعری کی۔ ان کی نظموں میں وہ تاثیر ہے جو سچی انسانی تڑپ اور محبت سے پیدا ہوتی ہے۔ حالی کو وطن اور قوم سے محبت ہے اور یہ محبت ان کے تمام جزبات پر چھائی ہوئی ہے۔ حالی کی شاہ کارنظم ''مدوجزر اسلام'' ان کے ذہن کی آئینہ دار ہے۔ نثر کے میدان میں بھی حالی کا معیار اعلیٰ ہے ان کی تحریروں میں سادگی اور خلوص ہے۔ سوانح نگاری کی حیثیت سے حالی نے ''حیات سعدی، یادگار غالب'' اور ''حیاتِ جاوید'' جیسی مشہور سوانح عمریاں لکھیں اور تنقید میں بھی ان کی کتاب ''مقدمہ شعر وشاعری'' کافی اہم ہے۔

(i) سر سید کے رفیقوں میں زیادہ ممتاز کون ہے ؟

(ii) حالی کی نظموں کی خاص خوبی کیا ہے اور ان کی مشہور نظم کونسی ہے ؟

(iii) حالی نے شاعری میں کیا نئی راہ نکالی اور کیسی شاعری کی ؟

(iv) سوانح نگار کی حیثیت سے حالی کا کیا کام ہے ؟

(v) حالی کی نثری تحریروں کی خصوصیات بتاتے ہوئے ان کی تنقیدی کتاب کا نام لکھئے۔

2. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے: 10

(i) کتب بینی کی اہمیت اور فوائد

(ii) ہندوستان میں بے روزگاری کا مسئلہ

(iii) دیوالی

3. اپنی فیس معاف کرانے کے لئے پرنسپل کے نام درخواست لکھئے۔ 10

**یا**

اپنے والد کے نام خط لکھئے جس میں اُنہیں اپنی پڑھائی کا حال لکھئے۔

4. درجِ ذیل مُحاوروں اور ضرب الامثال میں سے صرف **چار** کا مطلب لکھ کر جملوں میں استعمال کیجئے۔ 4

(i) مان نہ مان میں تیرا مہمان

(ii) یہ منہ اور مسور کی دال

(iii) گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے

(iv) رائی کا پہاڑ بنانا

(v) چار چاند لگانا

(vi) آنکھیں بچھانا۔

5. درج ذیل میں سے صرف دو کی تعریف لکھئے اور مثالیں بھی دیجئے : 6

(i) فعل حال

(ii) ترکیب

(iii) اضافت

6. درج ذیل میں سے صرف **چار** الفاظ کے متضاد لکھئے : 4

(i) بوڑھا

(ii) دشمنی

(iii) غلامی

(iv) تندرست

(v) مفلس

(vi) نادان

7. درج ذیل میں سے صرف **چار** کے ساتھ ''سابقہ'' یا ''لاحقہ'' لگا کر صحیح لفظ لکھئے : 4

(i) کارخانہ

(ii) گُمان

(iii) طاقت

(iv) اعتبار

(v) تعریف

(vi) صُلح

8. درج ذیل میں مؤنث کے مذکّر اور مذکّر کے مؤنث لکھئے : 4

(i) بھائی

(ii) اُستاد

(iii) مالن

(iv) کُمہارن

4 .9 درج ذیل میں سے صرف **چار** کے واحد سے جمع اور جمع سے واحد لکھیے :

(i) سُلطان

(ii) رسالہ

(iii) خواتین

(iv) ذرائع

(v) منظر

(vi) قواعد

4 .10 درج ذیل میں سے صرف **چار** میں صفت لگائیے :

| | |
|---|---|
| (i) بیماری | (ii) اخلاق |
| (iii) اطوار | (iv) مہمان |
| (v) نور | (vi) لچک |

## حصہ - ب

7 .11 درج ذیل میں سے کسی ایک عبارت کا مفہوم آسان اردو میں لکھیے۔ سبق کا نام بھی لکھیے :

(الف) ''جانداروں کا سب سے دل چسپ مشغلہ کھیل ہے'' جب دل خوش ہوتا ہے تو کھیلتے ہیں۔ جب خون جوش مارتا ہے تو دوڑتے ہیں، کھیلتے ہیں۔ جو کھیلتے ہیں وہ کھیل کر خوش ہوتے ہیں۔ جو نہیں کھیلتے وہ دوسروں کو کھیلتا دیکھ کر مزہ لیتے ہیں۔ عام طور پر بچپن اور جوانی کھیلتے ہیں بڑھاپا انھیں کھیلتے دیکھ کر خوش ہوتا ہے۔ آدمی نے اپنی عقل سے کھیلوں میں نئی راہیں نکالیں۔ نئے نئے کھیل ایجاد کیے۔ کہیں شطرنج، تاش، کیرم جیسے فرشی کھیل ہیں تو کہیں بیڈمنٹن، ہاکی، فُٹ بال اور کرکٹ جیسے میدانی کھیل۔ کہیں کم دوری کی یا لمبی دوڑیں ہیں تو کہیں مختلف قسم کی کُشتیاں، کہیں مختلف قسم کی تیراکی کے مقابلے ہیں تو کہیں جسمانی ورزشیں اور کرتب۔ آج کھیل صرف جسمانی قوت کا مظاہرہ اور کسرت ہی نہیں ہیں۔ وقت گزارنے کا ذریعہ اور دل چسپ مشغلہ ہی نہیں ہیں۔ سکڑتی دنیا میں میل جول، بھائی چارے، دوستی اور خیر سگالی کے پیغامبر بھی ہیں۔''

(ب) یہ دنیا صرف آدمی کے لیے تو نہیں ہے۔ اس پر دوسرے جانداروں کا بھی حق ہے۔ جنگل تھے تو وہاں بہت سے جانور بھی رہتے تھے۔ جنگل کم ہوئے تو جانور بھی کم ہونے لگے۔ کچھ جانور تو ایسے ہیں جن کی نسل ہی ختم ہو رہی ہے۔ آدمی نے زندگی جنگل سے شروع کی تھی اور اب پیڑوں کو کاٹ کر جنگل ختم کر کے اپنی صحت اور زندگی خطرے میں ڈال رہا ہے۔ اگر صاف ہوا میں سانس لے کر تندرست رہنا ہے۔ دوا علاج کے لیے جڑی بوٹیاں حاصل کرنی ہیں۔ بارش سے کھیتوں کو زرخیز رکھنا ہے تو جنگلوں کو کاٹنے کے بجائے ان کی تعداد میں اضافہ کرنا ہوگا۔ جو پیڑ خود سوکھ جائیں ان کی لکڑی سے ہی کام چلانا ہوگا ضرورت کے مطابق درخت لگانے ہوں گے۔

12. درج ذیل لفظوں سے خالی جگہیں پُر کیجیے : 5

وسیع، پیچیدہ، پانی، جنگل، شُکر

(i) اُن کی بپتا سُن کر ہم نے ________ ادا کیا۔

(ii) مرزا غالب کے اخلاق نہایت ________ تھے۔

(iii) بزرگ نے فرمایا معاملہ ________ ہے میں حل نہ کرسکوں گا۔

(iv) آیئے عہد کریں کہ ________ نہیں کاٹے جائیں گے۔

(v) پیڑوں کی جڑیں زمین سے ________ کھینچتی ہیں۔

13. اولمپک کھیلوں کی میزبانی کسی مُلک کے لیے عزّت کی بات کیوں ہے؟ 4

**یا**

انسان کو قدرت کے کارخانے میں دخل کیوں نہیں دینا چاہئے ؟ چار جملوں میں لکھئے۔

14. ''جہاں لوک گیت ہیں وہاں زندگی سے پیار ہے''۔ اس جملے کا کیا مطلب ہے؟ 4

**یا**

مارکونی کی خدمات کو کس طرح سراہا گیا ؟

7   15. درجِ ذیل شعری حصّوں میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے :

(الف) یہ چاندنی رات اور یہ پرخواب فضائیں
اک موجِ طرب کی طرح بے تاب فضائیں
سبزے کا ہُجوم اور یہ شاداب فضائیں
مہکے ہوئے نظّارے ہیں، بہکے ہوئے تارے
یہ تارے ہیں یا نور کے میخانے ہیں آباد
معصوم وحسین حوروں کے کاشانے ہیں آباد
مستانہ ہواؤں پر پری خانے ہیں آباد
یا دامنِ افلاک میں بے تاب شرارے

(ب) شفق کی چھاؤں میں چرواہا جب بنسی بجاتا ہے
تصوّر میں مرے ماضی کے نقشے کھینچ لاتا ہے
نظر میں ایک بھولا بسرا عالم لہلہاتا ہے
وہ کھیتوں کی قطاریں اور وہ نظّارہ باغوں کا
وہ دریا کا کنارہ اور وہ گہوارہ باغوں کا
رسیلی بانسری کے ہمہموں میں جھلملاتا ہے

5   16. درجِ ذیل الفاظ کی مدد سے مصرعوں کو مکمل کیجیے :

خانوادے - شاعر - خواب - شاداب - گُلشن

(i) نظر میں جھومتا ہے بن کے رنگین ________ کا عالم
(ii) زمینوں کو ________ کرتا ہوا
(iii) الگ الگ ہے اپنی کیاری پھر بھی ایک ہے ________
(iv) نہ ________ سے مطلب نہ خانماں سے غرض
(v) ________ کو تمنّا ہے یہیں رات گزارے

17. نظم ''چرواہے کی بنسی'' کے تیسرے بند کا مطلب چار جملوں میں لکھئے۔ 4

**یا**

دلّی کو ''علم و ادب کے باغ کا ہنستا ہوا گلاب'' کہنے کا کیا مطلب ہے؟

18. مثنوی ''شرافت حقیقی'' کا مرکزی خیال چار جملوں میں لکھئے۔ 4

**یا**

نظم ''آب رواں'' میں دریا کا کن کن مقامات سے گزرنا دکھایا گیا ہے؟ چار جملوں میں لکھئے۔